RAAH-E-IRFAN

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

مضامین

- ڈاکٹر اسرار کے نزدیک شرک کی انوکھی صورت
- رسول اللہ ﷺ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو پکارنا شرک ہے
- محمد بن عبد الوہاب نجدی کی تعریف
- حضرت علی رضی اللہ عنہ سب سے افضل
- افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ عقیدے کا مسئلہ نہیں
- بزرگوں کے ایصال ثواب کے لیے اللہ کے نام پر ذبح کردہ جانور حرام
- وطن کی محبت، ترانہ پڑھنا اور جھنڈے کو سلام کرنا شرک ہے
- عمل حقیقی ایمان کا جزو ہے
- رسول اللہ ﷺ کو دیدار الٰہی نہیں ہوا
- سانحہ کربلا میں ڈاکٹر اسرار کی یزید کے لیے نرمی
- آپ ﷺ پڑھنا لکھنا نہیں جانتے تھے
- حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بے ادبی
- ترجمۂ قرآن میں ڈاکٹر اسرار کی بے ادبیاں



ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

تنظیم اسلامی کے بانی ڈاکٹر اسرار احمد وہابی فکر اور نظریہ کے حامی تھے، وہ اپنے بیانات، لیکچرز اور لٹریچر میں وہابی نظریہ کو فروغ دیتے رہے، ان کے انداز گفتگو سے لوگ متاثر ہوجاتے ہیں اور انہیں سننا شروع کردیتے ہیں، یوں بدمذہبیت کا شکار ہوجاتے ہیں، عوام اہلسنت کو ان کے لیکچرز کو سننے اور ان کے لٹریچر کو پڑھنے سے بچنا ضروری ہے۔ عوام اہلسنت کی اصلاح کے لیے ڈاکٹر اسرار احمد کی چند قابل گرفت باتوں کو ذیل میں ذکر کیا جارہا ہے۔



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org
RAAHEIRFAN

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

ڈاکٹر اسرار کے نزدیک شرک کی انوکھی صورت

"ایک بزرگ تھے جو فوت ہوگئے انہوں نے مجھے یہ بات سمجھائی تھی، آج بھی میں ان کا مشکور ہوں، کہ دنیا میں عام قاعدے قانون کے تحت کسی سے کہنا کہ میرا یہ کام کردیں آپ کر سکتے ہیں، ایک دفعہ کہنا جائز ہے، دوسری مرتبہ یاد دلا دینا کہ شاید بھول گئے ہوں وہ بھی جائز ہے، تیسری مرتبہ کہنا شرک ہوجائیگا۔ آہ وزاری، خوشامدیں کرنا، گڑگڑانا شرک ہے۔ کیونکہ آپ نے سمجھا ہے کہ اسی کو اختیار حاصل ہے یہی مقتدر ہے اسی کو آپ کا کام کرنے کی پوری قوت وقدرت حاصل ہے۔ اس میں سے شرک کی بو آنا شروع ہوجاتی ہے"۔

(ویڈیو بیان)

Download Video



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

تبصرہ

ڈاکٹر اسرار صاحب نے محمد بن عبد الوہاب نجدی کی اتباع میں مسلمانوں کو مشرک قرار دینا شروع کیا اور اس سلسلہ میں اتنا آگے بڑھے کہ اسباب عادیہ میں بھی کسی سے کچھ مانگنے کو شرک بنا دیا، مزید یہ کہ اس پر کوئی دلیل نہیں بس "فلاں صاحب نے مجھے یہ بات سمجھائی تھی"، یعنی ایمان، کفر اور شرک جیسے حساس موضوع پر کلام کررہے ہیں، لوگوں کو مشرک بنا رہے ہیں اور دلیل یہ ہے کہ "فلاں صاحب نے کہا تھا"۔

الامان والحفیظ



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

رسول اللہ ﷺ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو پکارنا شرک ہے

"آپ شیخ عبد القادر جیلانی کو نہیں پکار سکتے، محمد ﷺ کو نہیں پکار سکتے، محمد رسول اللہ ﷺ کو تو پکارا بھی نہیں جاتا، پکارتے لوگ ہیں زیادہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یا علی مدد شرک ہے۔۔۔ استغاثہ، استعانت، استمداد اور استنصار کسی سے نہیں ہے سوائے اللہ کے"۔

(ویڈیو بیان)

Download Video



raaheirfan RAAH-E-IRFAN ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

تبصرہ

یہ وہی بولی ہے جو **محمد بن عبد الوہاب نجدی** نے عرب میں اور **اسماعیل دہلوی** نے برصغیر میں بولنا شروع کی اور آج ساری وہابیت انہیں کے نظریات پر کھڑی ہے، جس کا اہم مقصد مسلمانوں کو مشرک قرار دینا ہے۔ ان وہابی مولویوں کو معلوم ہے کہ یا رسول اللہ ﷺ، یا علی رضی اللہ عنہ، یا غوث رضی اللہ عنہ کہنے والے، رسول اللہ ﷺ، حضرت مولا علی رضی اللہ عنہ اور حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ کو خدا، خدا کے جیسا، خدا کے برابر، حقیقی مددگار، حقیقی معین، حقیقی مغیث نہیں مانتے۔ یہ سب جاننے کے باوجود مسلمانوں کو مشرک بنا رہے ہیں، اتنا احساس نہیں کہ کسی کو مشرک کہنا اسے دائرہ اسلام سے باہر قرار دینا ہے۔



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

محمد بن عبد الوہاب نجدی کی تعریف

"نجد میں ایک شخصیت پیدا ہوئی **محمد ابن عبد الوہاب** انہوں نے دین کی خدمت کی، دین کی اصلاح کا کام کیا جو مسلمانوں میں غلط چیزیں رائج تھیں مشرکانہ اعتقادات اور بدعات کا قلع قمع کیا، پھر ان کا معاہدہ ہوگیا آل سعود سے، بہرحال ان سے غلطیاں بھی ہوئیں، پھر جب ہندوستان میں شہیدین کی تحریک چلی تو انگریزوں نے اس کو بدنام کرنے کے لئے یہ کہہ دیا کہ یہ وہابیوں کا پیروکار ہے، پھر علماء نے اسی وجہ سے مخالفت کی اور ان کے خلاف فتوے دیے۔۔۔



(جاری ہے)

raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

محمد بن عبد الوہاب نجدی کی تعریف

محمد بن عبد الوہاب نے بہت کام اچھے کیئے، عرب میں بھی بہت شرک ہو رہا تھا قبر پرستی ہو رہی تھی، یہاں تک کہ یمن کے حاجی آتے ہوئے پہلے طائف میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی قبر کا طواف کرتے تھے پھر خانہ کعبہ کی طرف آتے"۔

(ویڈیو بیان)

Download Video



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

تبصرہ

ڈاکٹر اسرار صاحب وہابی فکر سے متاثر ہیں، اس لیے انگریزوں کے ایجنٹ اور ان کے روحانی والد محمد بن عبد الوہاب نجدی کی تعریفات کر رہے ہیں اور ان کی مسلمانوں کو مشرک بنانے کی تحریک کو اصلاح کی تحریک قرار دے رہے ہیں، ان کی اس تحریک کے ذریعہ جو مسلمانوں کا خون بہا، مسلمانوں کا نقصان ہوا اسے موصوف صرف نظر کر گئے، مزید معلومات کے لیے کتاب "تاریخ نجد و حجاز" کا مطالعہ کریں۔



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

حضرت علی رضی اللہ عنہ سب سے افضل

”میرے نزدیک تمام صحابہ سے، تمام صلحائے امت سے، تمام اولیاء اللہ سے، تمام ائمہ دین سے، تمام محدثین سے، تمام فقہاء سے افضل ترین کون ہے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ“۔

(سانحۂ کربلا، ص26)



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

تبصرہ

ڈاکٹر اسرار صاحب کا یہ نظریہ، اہلسنت کے اجماعی اور اتفاقی نظریہ کہ افضل البشر بعد الانبیاء حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہیں، سے انحراف ہے، بدمذہبیت اور گمراہیت ہے۔



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org
RAAHEIRFAN

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ عقیدے کا مسئلہ نہیں

”میری ناقص رائے میں خلفاء راشدین کی فضیلت میں تقدیم و تاخیر اگرچہ فی نفسہ ایک اہم مسئلہ ہے تاہم اسے عقیدے کا اختلاف قرار نہیں دیا جاسکتا“۔

(سانحۂ کربلا، ص26)




raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

تبصرہ

ڈاکٹر اسرار صاحب کی یہ بات بالکل غلط ہے، اہلسنت میں افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا مسئلہ اجماعی اور اتفاقی ہے، جس کا منکر گمراہ، بددین اور بد مذہب ہے، تو ڈاکٹر کا یہ کہنا کہ " اسے عقیدے کا اختلاف قرار نہیں دیا جاسکتا"، سوفیصد غلط بات ہے۔ جو بات مسلمانوں کو گمراہیت اور بدمذہبیت میں مبتلا کردے اس کا تعلق بھی عقائد سے ہے اسی لیے علماء نے اس مسئلہ کو کلامی کتب میں ذکر کیا ہے۔



ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

بزرگوں کے ایصال ثواب کے لیے اللہ کے نام پر ذبح کردہ جانور حرام

اللہ کے سوا کسی کا بھی نام لیا گیا تو وہ حرام ہوگیا، اس کا گوشت کھانا حرام مطلق ہے لیکن اس کے تابع یہ صورت بھی ہے کہ کسی بزرگ کا قرب حاصل کرنے کے لیے جانور کو مزار پر لے جاکر وہاں ذبح کیا جائے اگرچہ دعویٰ یہ ہو کہ یہ صاحبِ مزار کے ایصال ثواب کی خاطر اللہ تعالیٰ کے لیے ذبح کیا جا رہا ہے"۔

(بیان القرآن، سورۃ البقرہ، آیت 173)



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

تبصرہ

ڈاکٹر اسرار صاحب نے جمیع مفسرین سے ہٹ کر اور اپنے وہابی نظریات کی بنیاد پر قرآن پاک کی آیت کے مفہوم کو بدل دیا،

وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۚ اور وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ

سے جمیع مفسرین کا اتفاق ہے کہ جب کسی جانور کو ذبح کرتے وقت غیر اللہ کا نام لیا جائے تو اس جانور کا گوشت حرام ہوجاتا ہے، مطلقاً کسی بھی جانور پر غیر اللہ کا نام لے لیا جائے تو وہ حرام نہیں ہوجاتا، نیز بزرگوں کے نام پر ایصال ثواب کے لئے جانور ذبح کرنا صراحتاً جائز اور باعث ثواب ہے۔




(جاری ہے)

raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

تبصرہ

جو لوگ **ڈاکٹر صاحب** کو مفسر قرآن سمجھتے ہیں ان پر افسوس ہے کہ جسے آپ مفسر قرآن کا درجہ دے رہے ہیں اسے تو قرآن پاک کی صحیح تفسیر کا علم ہی نہیں، یا اپنی وہابی فکر کے دفاع کے لیے غلط تفسیر کا جان بوجھ کر ارتکاب کر رہے ہیں۔



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

وطن کی محبت، ترانہ پڑھنا اور جھنڈے کو سلام کرنا شرک ہے

اس دور میں جو اصل بت تراشا گیا ہے وہ وطن ہے۔ وطن کی محبت اور عظمت کے گن گائے جاتے ہیں، وطن کی آن پر کٹ مر جانے کا درس دیا جاتا ہے، وطن کا نعرہ لگایا جاتا ہے۔ وطن کے جھنڈے کے سامنے با ادب کھڑے ہو کر اسے سلامی دی جاتی ہے۔ وطن کا ایک ترانۂ حمد بھی ہوتا ہے جس کو قومی ترانہ کہا جاتا ہے۔ یہ مذہب وطنیت ہے جس کے یہ مراسمِ عبودیت ہیں۔



(جاری ہے)

raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

وطن کی محبت، ترانہ پڑھنا اور جھنڈے کو سلام کرنا شرک ہے

یہ اس دور کا نیا شرک ہے اور اس کو ہمارے علماء میں کوئی نہیں سمجھ پایا۔۔۔ جب قومی ترانہ گایا جارہا ہو تو آپ جھنڈے کے سامنے ساکت و صامت کھڑے ہوجائیں یہ گویا وطن کی نماز ہے جو پڑھی جارہی ہے اور ہم نے اسے سمجھا نہیں ہے"۔

(حقیقت و اقسام شرک، ص101,102)



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

تبصرہ

ڈاکٹر اسرار صاحب نے مسلمانوں کو مشرک قرار دینا شروع کیا تو یہ سلسلہ اتنا آگے بڑھا کہ کھڑے ہوکر قومی ترانہ پڑھنے کو وطن کی نماز اور شرک قرار دے دیا، یہ بھی نہ سوچا کہ ان کے اس خیال کا نتیجہ بھیانک ہے، کہ مسلمان کا بچہ بچہ مشرک بن جائے گا کہ جو ہرروز اسکول میں قومی ترانہ پڑھتا ہے، اسی طرح افواج پاکستان جو آئے روز قومی پرچم کے سامنے کھڑے ہوکر سلامی دیتی ہے مشرک کہلائے گی۔۔۔۔



(جاری ہے)

raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

تبصرہ

نیز پاکستان کے تحفظ کے لیے لڑی جانے والی تمام جنگیں جہاد نہیں بلکہ **ڈاکٹر اسرار** کے خیال کے مطابق اس زمانے کے بت "وطن" کے لیے قرار پائیں، اور اس راہ میں مرنے والا کوئی سپاہی شہید نہیں کہلائے گا کہ یہ جنگیں تو اسلام، دین اور اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں ہی نہیں،،

الامان والحفیظ



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org
RAAHEIRFAN

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

عمل حقیقی ایمان کا جزو ہے

"اچھی طرح سمجھ لیجئے کہ ہمارے یہاں جو یہ خیال عام ہوگیا ہے کہ ایمان جدا ہے اور عمل جدا تو یہ صرف قانونی درجے میں ہے اس لیے کہ دنیا میں کسی شخص کا مسلمان سمجھا جانا صرف اس کے اقرار باللسان پر مبنی ہے اور اس میں انسان کا عمل زیر بحث نہیں لایا جاسکتا لیکن وہ حقیقی ایمان جو عبادت ہے یقین قلبی سے لازماً عمل میں انقلاب پیدا کردیتا ہے۔



(جاری ہے)

raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

عمل حقیقی ایمان کا جزو ہے

حتی کہ اگر عمل میں تبدیلی پیدا نہ ہو تو یہ اس بات کا قطعی ثبوت ہے کہ حقیقی ایمان موجود نہیں ہے۔ ایمان اور عملِ صالح کا چولی دامن کا ساتھ ہے اور یہ دونوں لازم و ملزوم ہیں، بلکہ صحیح اور درست عمل اور عمدہ اخلاق اور اعلیٰ کردار ایمانِ حقیقی کا لازمی جزو ہیں"۔

(راہ نجات، ص51،50)



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org
RAAHEIRFAN

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

تبصرہ

ڈاکٹر صاحب نے ایمان اور حقیقی ایمان میں خود سے فرق نکالا اور بے عمل مسلمان کے لیے حقیقی ایمان کی نفی کردی، موصوف صراحتاً تو خوارج و معتزلہ کے مذہب کا اظہار نہیں کر رہے لیکن گفتگو اسی انداز کی کر رہے ہیں کہ جو بے عمل مسلمان ہے وہ حقیقی مسلمان نہیں ہے، ڈاکٹر کا یہ خیال اہلسنت سے اعتزال اور خروج ہے۔



ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

رسول اللہ ﷺ کو دیدار الٰہی نہیں ہوا

"بعض حضرات کی رائے یہ ہے کہ شب معراج میں حضور ﷺ نے اللہ کو دیکھا، براہ راست دیدار الٰہی ہوا۔ لیکن زیادہ قوی رائے یہ ہے کہ ذات باری تعالیٰ کا براہ راست مشاہدہ نہیں ہوا"۔


(معراج النبی، ص32)



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org
RAAHEIRFAN

تبصرہ

ڈاکٹر صاحب نے جمہور علماء اہلسنت کے مؤقف کو صحیح سے نہیں پڑھا اور وہابیت سے متاثر ہو کر رسول اللہ ﷺ کے عظیم معجزہ اور سید عالم ﷺ کی اعلیٰ فضیلت کہ رسول اللہ ﷺ معراج کی رات اللہ تعالی کے دیدار سے مشرف ہوئے ہیں، انکار کردیا، کاش جمہور علماء اہلسنت کے دلائل کا مطالعہ بھی کرلیتے تاکہ اس قسم کی خطاء کا شکار نہ ہوتے۔



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

سانحہ کربلا میں ڈاکٹر اسرار کی یزید کے لیے نرمی

"کیا امیر یزید نے خاندان رسالت ﷺ کی خواتین کو اپنی لونڈیاں بنایا؟ آخر وہ دمشق بھیجی گئی تھیں، لیکن وہاں کیا ہوا! ان کا پورا احترام کیا گیا، ان کی دل جوئی کی گئی، ان کی خاطر ومدارت کی گئی، امیر یزید نے انتہائی تأسف کا اظہار کیا اور کہا کہ "ابن زیاد اس حد تک نہ بھی جاتا تو بھی میں اس سے راضی رہ سکتا تھا۔ کاش وہ حسین کو میرے پاس آنے دیتا ہم خود ہی باہم کوئی فیصلہ کرلیتے"۔



(جاری ہے)

raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org
RAAHEIRFAN

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

سانحہ کربلا میں ڈاکٹر اسرار کی یزید کے لیے نرمی

لیکن کربلا میں جو کچھ ہوا وہ اس فتنہ کی وجہ سے ہوا جو کوفیوں نے بھڑکایا تھا، جو اپنی دو عملی اور منافقت کی پردہ پوشی کے لیے نہیں چاہتے تھے کہ مصالحت اور مفاہمت کی کوئی صورت پیدا ہو۔ ان کو جب محسوس ہوا کہ ہماری سازش کا بھانڈا پھوٹ جائے گا تو انہوں نے وہ صورت حال پیدا کردی جو ایک نہایت درد ناک اور الم انگیز انجام پر منتج ہوئی۔۔۔۔۔۔



(جاری ہے)

raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

سانحہ کربلا میں ڈاکٹر اسرار کی یزید کے لیے نرمی

اب کوئی یزید کے نام کو گالی بنائے پھرتا ہے، کسی نے شمر کے نام کو گالی بنایا ہوا ہے، کوئی عمرو بن سعد کے نام کو گالی بنائے ہوئے ہے، یہاں تک بات پہنچی ہے کہ لوگ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی شان میں بھی توہین آمیز اور گستاخانہ انداز اختیار کرنے سے نہیں چوکتے، اللہ تعالی ایسے سب لوگوں کو ہدایت دے اور ہمیں ان میں شامل ہونے سے بچائے"۔ (سانحۂ کربلا، ص39، 40)



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org
RAAHEIRFAN

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

تبصرہ

ڈاکٹر صاحب صاحب نے پوری کتاب میں یزید کو سانحہ کربلا کا ذمہ دار ہی نہیں ٹھہرایا، بلکہ اسے اہلبیت کا ہمدرد قرار دیا، کس قدر ناانصافی ہے، اگر بلفرض تسلیم کرلیں کہ امام عالی مقام رضی اللہ عنہ اور آپ کے رفقاء کو شہید کرنے کا حکم یزید نے نہیں دیا اور سارا قصور کوفیوں کا تھا تو یزید نے واقعہ کربلا کے بعد عبیداللہ بن زیاد، خولی، عمر بن سعد، شمر کے ساتھ کیا سلوک کیا؟؟ ان کا مواخذہ کیوں نہیں کیا؟؟

ڈاکٹر کا یہ مؤقف تو نری ناصبیت ہے۔



raaheirfan RAAH-E-IRFAN ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُر اسرار باتیں

حضور ﷺ پڑھنا لکھنا نہیں جانتے تھے

”محمد عربی ﷺ نے دنیوی اعتبار سے کوئی تعلیم حاصل نہیں کی تھی اور نہ آپ ﷺ دنیوی معیار کے مطابق پڑھنا لکھنا جانتے تھے“۔

(بیان القرآن، سورۃ الاعراف، آیت157)



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

تبصرہ

رسول اللہ ﷺ کے لیے یہ کہنا کہ آپ پڑھنا لکھنا نہیں جانتے تھے، نری بے ادبی ہے، جبکہ حقیقت یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا دنیا میں کوئی استاذ نہیں تھا، آپ ﷺ نے لکھنا اور پڑھنا رب کائنات عزوجل سے سیکھا ہے، اور روایات سے آپ کا پڑھنا اور لکھنا دونوں ثابت ہے، البتہ حکم الٰہی سے آپ پر جب وحی نازل ہوتی تو آپ ﷺ صحابہ کرام سے لکھوایا کرتے تھے۔



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بے ادبی

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَ الْمَيْسِرِؕ-قُلْ فِيْهِمَاۤ اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّ مَنَافِعُ لِلنَّاسِ

اے نبی آپ سے یہ شراب اور جوئے کے بارے میں پوچھ رہے ہیں ، بتا دیجیے ان دونوں کے اندر گناہ ہے اور کچھ لوگوں کے لیے فائدے بھی ہیں،،، لیکن

وَ اِثْمُهُمَاۤ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَاؕ

ان کا گناہ کا پہلو ان کے نفع کے پہلو سے زیادہ ہے، بس اتنا کہہ کر چھوڑ دیا، تو بہت سے لوگوں نے تو اسی وقت شراب ترک کردی، اشارہ پاگئے۔۔۔۔



(جاری ہے)

raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بے ادبی

لیکن جن کی گھٹی میں شراب پڑی ہوئی تھی، صرف اتنی بات پر تو چھوڑنے والے نہیں تھے، لہٰذا شراب چلتی رہی۔ اب اس کے بعد یہ حکم آرہا ہے کہ نماز کے قریب مت جاؤ ،،،، اس کے پس منظر میں یہ واقعہ بیان ہوتا ہے کہ حضرت عبد الرحمٰن ابن عوف ایک دولت مند صحابی تھے، انہوں نے دعوت طعام منعقد کی اس میں بہت سے صحابہ کرام آئے، حضرت علی بھی تھے اور لوگ تھے،۔۔۔

(جاری ہے)



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org
RAAHEIRFAN

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بے ادبی

کھانے پینے ہی کے دوران اس میں شراب بھی صرف کی گئی، پی گئی، مغرب کی نماز کا وقت ہوگیا، اب کھڑے ہوگئے، حضرت علی کو امام بنایا گیا، حضرت علی نے وہاں پر قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ○ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ○ پڑھ دیا۔

(ویڈیو بیان)


Download Video



raaheirfan RAAH-E-IRFAN ishaateislam.org

تبصرہ

ڈاکٹر صاحب نے يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَ اَنْتُمْ سُكٰرٰى کی تفسیر کرتے ہوئے پہلے یہ جملہ کہا "جن کی گھٹی میں شراب پڑی ہوئی تھی، صرف اتنی بات پر تو چھوڑنے والے نہیں تھے،" اور پھر ترمذی شریف سے روایت لے آئے جس میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لیے شراب پینے کا ذکر ہے، ان کا یہ انداز مولا علی رضی اللہ عنہ کی شان کے لائق نہیں،۔۔۔



(جاری ہے)


RAAHEIRFAN

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

تبصرہ

کہ اولًا تو مولا علی رضی اللہ عنہ کے لیے صحیح مؤقف یہی ہے کہ آپ نے قبل اسلام اور بعد اسلام کبھی شراب نہیں پی، ثانیا یہ کہ کسی روایت میں اگر بعد اسلام شراب پینے کا ذکر آ بھی گیا تو اسے اس انداز میں بیان کرنا حضرت مولا علی رضی اللہ عنہ کی شان کے لائق نہیں کہ گویا مولیٰ علی رضی اللہ عنہ کی گھٹی میں شراب تھی اور اولًا جو شراب سے پرہیز کرنے کا حکم آیا مولا علی رضی اللہ عنہ سے یہ عادت چھوٹنے والی نہیں تھی۔

معاذاللہ



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

ترجمۂ قرآن میں ڈاکٹر اسرار کی بے ادبیاں

01 سورۃ البقرہ، آیت 15 اور سورۃ التوبہ آیت 79 میں

"اللہ کو مذاق اڑانے والا لکھا"

02 سورۃ البقرہ آیت 145 کے ترجمہ میں

"رسول اللہ ﷺ کی طرف ظلم کرنے کی نسبت کی"

03 سورۃ آل عمران، آیت 54 اور سورۃ الاعراف، آیت 99 کے ترجمہ میں

"اللہ تعالی کو چال چلنے والا لکھا"



(جاری ہے)

raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

ڈاکٹراسراراحمدکی پُراسرارباتیں

ترجمۂ قرآن میں ڈاکٹر اسرار کی بے ادبیاں

04 سورۃ النساء، آیت146کے ترجمہ میں

"اللہ تعالی کو دھوکہ دینے والا لکھا ہے"

05 سورۂ یوسف، آیت95کے ترجمہ میں

"خبط (جنون) کی نسبت حضرت یعقوب علیہ السلام کی طرف کی"

06 سورۃ طه، آیت121کے ترجمہ میں حضرت آدم علیہ السلام کے لیے لکھا کہ

"وہ بھٹک گیا"




raaheirfan RAAH-E-IRFAN ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

نوٹ

ڈاکٹر اسرار احمد کے باطل افکار و نظریات پر علماء اہلسنت کے علاوہ دیوبندی فرقہ کے علماء نے بھی فتوے دیے ہیں، جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی سے جاری ہونے والے فتوے میں لکھا ہے:

"اس کے نظریات قرآن و حدیث اور اجماع امت کے خلاف ہیں، اس لئے ڈاکٹر صاحب اور ان کی فکر کے حاملین افراد کے بیانات سننے، ان کے دروس میں شرکت کرنےاور لٹریچر و تفسیر سے استفادہ کرنے سے اجتناب کرنا ضروری ہے۔"



(جاری ہے)

raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org
RAAHEIRFAN


ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

نوٹ

پھر اسی فتوے میں ڈاکٹر صاحب کے کچھ باطل افکار و نظریات کی نشاندہی کرتے ہوئے لکھا:

ڈاکٹر اسرار احمد کے عقائد میں سے جو عقائد اہلِ سنت و جماعت کے خلاف ہیں، ان میں سے چند یہ ہیں:

- ڈاکٹر اسرار احمد اَعمال کی قبولیت کے لیے ایمان کو شرط نہیں مانتے۔
- موصوف کے نزدیک حقیقی ایمان کے دو رکن ہیں: تصدیق و یقین اور جہاد۔



(جاری ہے)

raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org
RAAHEIRFAN

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

نوٹ

ڈاکٹر صاحب کے نزدیک کسی گناہ پر اصرار کرنا ہمیشہ کے لیے جہنمی بنا دیتا ہے۔

انسان جنت اور جہنم میں ہمیشہ نہیں رہے گا۔

Download Fatwa



(جاری ہے)

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

نوٹ

جامعۃ العلوم الاسلامیۃ

علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن

کراتشی ۵ پاکستان

جامعہ علوم اسلامیہ - پوسٹ بکس نمبر ۳۴۶۵ جمشید روڈ کراچی - www.banuri.edu.pk

فتوی نمبر : 144108200907

ڈاکٹر اسرار احمد کے افکار و عقائد

سوال


ڈاکٹر اسرار احمد کے عقائد کیا تھے؟ نیز ان کے بیانات سننا کیسا ہے؟ اس کی وضاحت تلاش کر رہا ہوں، البتہ کہیں سے بھی ملی نہیں، تو آپ اس کا مفصل جواب عنایت فرمائیں۔

جواب

ڈاکٹر اسرار احمد کے بعض نظریات قرآن، حدیث اور اجماعِ اُمت کے خلاف ہیں، ان کے بعض اَفکار اور طرزِ فکر سے اختلاف کے ساتھ ان کی تحریرات سے استفادہ کی گنجائش اگرچہ ہے، لیکن عوام یا دینی علوم سے ناواقف افراد چوں کہ ڈاکٹر صاحب کے صحیح اور قابلِ اشکال افکار کے درمیان تمیز و فرق کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے ہیں؛ لہذا عوام اور ناپختہ افراد کے لیے ڈاکٹر صاحب اور ان کی فکر کے حاملین افراد کے بیانات سننے، ان کے دروس میں شرکت کرنے اور لٹریچر و تفسیر سے استفادہ کرنے سے اجتناب کرنا ضروری ہے۔ ڈاکٹر اسرار احمد کے عقائد میں سے جو عقائد اہلِ سنت والجماعت کے خلاف ہیں، ان میں سے چند یہ ہیں:

* ڈاکٹر اسرار احمد اَعمال کی قبولیت کے لیے ایمان کو شرط نہیں مانتے۔
* موصوف کے نزدیک حقیقی ایمان کے دو رکن ہیں: تصدیق و یقین اور جہاد۔
* ڈاکٹر صاحب کے نزدیک کسی گناہ پر اصرار کرنا ہمیشہ کے لیے جہنمی بنا دیتا ہے۔
* انسان جنت اور جہنم میں ہمیشہ نہیں رہے گا۔

باقی ڈاکٹر صاحب کے تفصیلی عقائد اور نظریات جاننے کے لیے ڈاکٹر مفتی عبد الواحد رحمہ اللہ کی کتاب "ڈاکٹر اسرار احمد، افکار و نظریات" کا مطالعہ مفید رہے گا۔ فقط واللہ اعلم



ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

نوٹ

دار العلوم دیوبند انڈیا سے بھی ڈاکٹر صاحب کے باطل نظریات پر فتوی جاری ہوا ہے جس میں لکھا:

”ان کے بعض عقائد از روئے قرآن وحدیث واجماع امت فاسد تھے، مثلًا انھوں نے ائمہ اربعہ کے مسلک اور ان کے فقہی اختلاف کو فرقہ واریت سے تعبیر کرکے ان پر بے جا الزام عائد کیا تھا۔“

Download Fatwa

(جاری ہے)



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُر اسرار باتیں

نوٹ

دارالعلوم دیوبند انڈیا

لاگ ان / سائن اپ　اردو　English

دارالعلوم دیوبند

عقائد و ایمانیات › › فرق ضالہ

سوال نمبر: 36701

وان:. ڈاکٹر اسرار احمد اور تنظیم اسلامی پاکستان

ال:. میرا سوال یہ ہے کہ ڈاکٹر اسرار احمد کے بارے میں ہمارے دیوبند علماء کی کیا رائے ہے؟ کیا ہم تنظیم اسلامی پاکستان میں شامل ہوسکتے ہیں؟ جو پاکستان میں خلافت اسلام کے لیے کوشش کر
ی ہے۔

جواب نمبر: 36701

م اللہ الرحمن الرحیم

ی (د): 362=395-3/1433

کٹر "اسرار احمد" صاحب مسلکاً اہل حدیث تھے، اور سید ابوالاعلیٰ مودودی صاحب کے فیض یافتہ تھے، انھوں نے جہاد بالقرآن کے عنوان سے ایک تنظیم قائم کی تھی، ان کے بعض عقائد از روئے
آن وحدیث واجماع امت فاسد تھے، مثلاً انھوں نے ائمہ اربعہ کے مسلک اور ان کے فقہی اختلاف کو فرقہ واریت سے تعبیر کرکے ان پر بے جا الزام عائد کیا تھا اور اس کے خلاف مستقل تنظیم قائم
کے تحریک شروع کی تھی، جو بعد میں خود ہی ایک فرقہ بن کر رہ گئی، اس کے علاوہ ان کے بہت سے فاسد عقائد تھے جن کی نشاندہی اہل حق علمائے کرام نے ان ہی کے زمانے میں کردی تھی۔ (۲)
ں سلسلے میں مقامی مفتیانِ عظام سے رابطہ کریں۔ [شاہراہِ علم: خصوصی شمارہ: 1426، ص: 106]

للہ تعالیٰ اعلم

ر الافتاء،

ر العلوم دیوبند

دارالافتاء، دارالعلوم دیوبند، انڈیا © 2020
اس ویب سائٹ کا استعمال اس بات کی علامت ہے کہ آپ استعمال کی شرائط سے متفق ہیں



ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں

نوٹ


اسی طرح ایک مشہور دیوبندی مولوی ڈاکٹر مفتی عبد الواحد نے ڈاکٹر اسرار کے خلاف مکمل کتاب بنام ”ڈاکٹر اسرار احمد، افکار و نظریات“ لکھی ہے ۔ اسی طرح معروف دیوبندی مولوی یوسف لدھیانوی نے ایک کتاب بنام ”دور حاضر کے تجدد پسندوں کے افکار“ میں متجددین کی فہرست میں ڈاکٹر اسرار کو بھی شامل کیا ہے۔



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org

محترم قارئین کرام!

ڈاکٹر اسرار صاحب کے ترجمہ قرآن اور دیگر بیانات و لٹریچر کی یہ چند جھلکیاں ہیں جس میں موصوف نے شان الوہیت اور شان نبوت کا لحاظ نہ رکھا اور ترجمہ میں بے ادبی کے مرتکب ہوئے ہیں، اور جگہ جگہ مذہب اہلسنت سے پھر کر گمراہیت اور بے دینیت کے دلدل میں جا گرے، اس لیے ڈاکٹر صاحب کے بیانات ، لیکچرز اور لٹریچر کو سننے اور پڑھنے سے بچیں۔۔۔



(جاری ہے)

raaheirfan RAAH-E-IRFAN ishaateislam.org

ڈاکٹر اسرار احمد کی پُراسرار باتیں


محترم قارئین کرام!

ڈاکٹر صاحب کی بے ادبیاں کہیں آپ کو اللہ جل جلالہ، نبی کریم ﷺ، انبیاء و مرسلین علیہم السلام، اصحاب و اہلبیت اور اولیاء امت رضی اللہ عنہم کی بارگاہ کا بے ادب نہ بنا دیں،

الامان والحفظ

علماء اہلسنت کے دامن کو مضبوطی سے تھامے رکھیں۔ اللہ تعالی ہمیں مسلک حق اہلسنت و جماعت پر استقامت عطا فرمائے۔

اللھم آمین یا رب العالمین بجاہ سید المرسلین ﷺ



raaheirfan
RAAH-E-IRFAN
ishaateislam.org